دسمبر 2018	M.Ed Regular (ریگولر) ایم۔ایڈ	پہلا سمسٹر I Semester

Paper - (MMED112CCT/MMED102CCT)

Psychology of Development and Learning

وقت : Time : 3 Hrs گھنٹے — جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) درج ذیل میں کون سا تھارنڈائک کے سیکھنے کے اصول میں شامل نہیں ہے؟

(a) آمادگی کا اصول (b) مشق کا اصول (c) اثر کا اصول (d) خاموشی کا اصول

(ii) ''تعلیمی نفسیات تعلیم کے میدان میں نفسیات کی دریافتوں اور اصولوں کا استعمال ہے۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(a) ولیم جیمس (b) کولیسنک (c) اسکینر (d) گالٹن

(iii) ''نشوونما افزائش تک محدود نہیں ہے بلکہ اس میں تبدیلیوں کا وہ ترقی پذیر مرحلہ شامل ہے جو پختگی کے ہدف کی جانب بڑھتا ہے۔ نشوونما کے نتیجے کے طور پر فرد میں نئی خوبیاں اور نئی صلاحیتیں ظاہر ہوتی ہیں۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(a) جانسن اور جانسن (b) جونس اور سمپسن (c) ہرلاک (d) فرینک

(iv) درج ذیل میں اکتساب کے کس نظریہ کا تعلق سی۔ایل۔ہل سے ہے؟

(a) دلچسپی کا نظریہ (b) ذہانت کا نظریہ (c) تقویت کا نظریہ (d) درج بالا سبھی

(v) گیسٹالٹ مکتب فکر کے بانی کون ہیں؟

(a) وردیمر (b) کوفکا (c) کوہلر (d) سلطان

(vi) درج ذیل میں کون سا مرحلہ مبادلہ تدریس (Reciprocal Teaching) میں شامل نہیں ہے؟

(a) خلاصہ یا توضیح کرنا (Summarizing) (b) پوچھنا (Asking)

(c) وضاحت کرنا (Clarifying) (d) پیشین گوئی کرنا (Predicting)

(vii) مبادلہ تدریس (Reciprocal Teaching) کے موجد کون ہیں؟

(a) پالنکسر اور براؤن (b) جانسن اور جانسن (c) بلیئر اور جونس (d) کیٹل اور شیلڈن

P.T.O.

(viii) تحریک کے بنیادی جبلتوں کے اصول کے بانی ہیں؟

(a) میک ملن (b) میسلو (c) میک وائیور (d) میک ڈوگل

(ix) تحریک کے تعلق سے ماہر نفسیات ووڈ ورتھ کا فارمولا ہے۔

(a) حصولیابی = اہلیت+تحریک (b) حصولیابی = اہلیت+تعریف

(c) حصولیابی = اہلیت+تنقید (d) حصولیابی = اہلیت+تدبیر

(x) درج ذیل میں گروہ کے لازمی اجزا میں کون شامل نہیں ہے؟

(a) دو یا دو سے زیادہ افراد کا ہونا (b) افراد کے عقائد میں یکسانیت ہونا

(c) افراد کے درمیان براہ راست یا بالواسطہ تعلق ہونا (d) افراد کے درمیان کوئی نہ کوئی مفاد یہ مطلب کا ہونا

حصہ دوم

2۔ البرٹ بنڈورا کے ذریعے پیش کیے گئے مصالحتی عمل (Mediational Process) کی مختصراً وضاحت کیجیے۔

3۔ تعمیریت پسند طریقہ تدریس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

4۔ برین اسٹارمنگ کے اقدامات کی فہرست سازی کیجیے۔

5۔ وقوفی اور کرداریت پسند مکتب فکر کے مابین فرق واضح کیجیے۔

6۔ لیون کی فلیڈ تھیوری کا تعلیم کے شعبہ میں کیا استعمال ہے؟

7۔ جذباتی ذہانت کا تصور واضح کرتے ہوئے اس کے اہم اجزا کی نشاندہی کیجیے۔

8۔ موثر قیادت کی خصوصیات بیان کیجیے۔

9۔ ہم آہنگی سے کیا مراد ہے؟ عدم ہم آہنگی (Maladjustment) کے لیے ذمہ دار عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ انسان پرست مکتب فکر میں معلم اور طلبہ کے کردار پر مدلل بحث کیجیے۔

11۔ تعلیمی نفسیات میں موجودہ سروکار اور رجحان (Concern & Trends) کیا ہیں؟ تعلیمی تحقیق پر اس کے کس طرح کے اثرات مرتب ہو رہے ہیں؟ بیان کیجیے۔

12۔ تصوراتی خاکہ (Concept Mapping) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ تصوراتی خاکہ بنانے کے اقدام بیان کرتے ہوئے اپنی پسند کے کسی موضوع پر تصوراتی خاکہ بنائیے۔

13۔ کولب کے تجرباتی اکتساب کے نظریہ کی تفصیلی وضاحت پیش کیجیے۔

14۔ سماجی تعمیریت کی تعریف بیان کرتے ہوئے وائی گوٹسکی کے ذریعہ انجام دیے گئے کاموں پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆